حصہ ۔ الف (کثیر انتخابی سوالات)

سوال ا۔ مندرجہ ذیل سوالات کے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

(ا) شائزوفرینیا کون سی بیماری ہے؟
(الف) دل کی (ب) گردن کی (ج) ذہن کی (د) گردے کی

(۲) تمباکو کے دھوئیں میں تقریباً ________ کیمیائی مرکبات موجود ہوتے ہیں۔
(الف) 2 (ب) 25 (ج) 60 (د) 1000

(۳) آلودگی کی کتنی اقسام ہیں؟
(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

(۴) قوت لگانے کے لئے کس کا ہونا ضروری ہے؟
(الف) توانائی (ب) وزن (ج) ہوا (د) ان میں سے کوئی نہیں

(۵) ________ جانداروں کی اکائی ہے۔
(الف) بافت (ب) وولٹ (ج) خلیہ (د) عضو

(۶) ________ نے القانون نامی کتاب لکھی۔
(الف) بوعلی سینا (ب) جابر بن حیان (ج) الفارابی (د) بوالحسن

(۷) ڈاکٹر عبدالقدیر خان کہاں پیدا ہوئے۔
(الف) کراچی (ب) ملتان (ج) بھوپال (د) لاہور

(۸) انسان کی پہلی سائنسی بنیادی ایجاد ________ ہے۔
(الف) گیس (ب) توانائی (ج) پہیہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

(۹) ڈاکٹر عبدالسلام ________ سن میں پیدا ہوئے۔
(الف) 1926 (ب) 1936 (ج) 1940 (د) 1951

(۱۰) ________ کاربن کی ایک بہروپی شکل ہے۔
(الف) ہیرا (ب) سونا (ج) کوئلہ (د) پتھر

(۱۱) کمپیوٹر کے ________ بنیادی حصے ہیں۔
(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

(۱۲) ________ میں پاکستان اٹیمی کمیشن وجود میں آیا۔
(الف) 1947 (ب) 1955 (ج) 1951 (د) 1971

(۱۳) ابتداء میں پاکستان میں پارچہ بافی کے ________ کارخانے تھے۔
(الف) 17 (ب) 16 (ج) 10 (د) 5

(الف) سرجن (ب) ماہر حیاتیات (ج) ڈاکٹر (د) کیمیادان

(۱۵) پاکستان اسٹیل مل ________ میں قائم ہوئی۔
(الف) 1948 (ب) 1973 (ج) 1965 (د) 1981

(۱۶) انسانی جسم میں تقریباً ________ خون ہوتا ہے۔
(الف) 4 لیٹر (ب) 6 لیٹر (ج) 8 لیٹر (د) 5 لیٹر

(۱۷) ________ بے رنگ و بے بو اور بے ذائقہ ہے۔
(الف) کاربن (ب) نائٹروجن (ج) آکسیجن (د) ان میں سے کوئی نہیں

(۱۸) کب پہلی اینٹی بائیوٹک کی دریافت ہوئی۔
(الف) 1940 (ب) 1930 (ج) 1926 (د) 1840

(۱۹) خون کے کتنے گروپس ہوتے ہیں۔
(الف) 2 (ب) 4 (ج) 3 (د) 5

(۲۰) انسانی دماغ کے ________ حصے ہیں۔
(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

حصہ "ب" (مختصر جواب کے سوالات)

نوٹ: کوئی بھی آٹھ سوال حل کریں ہر سوال کے نمبر مساوی ہیں۔

سوال ۲: انسانی خوراک کیلئے پروٹین کا ذریعہ بیان کریں۔ جسم کے اندران کا اثر انداز ہونا بیان کریں۔
سوال ۳: غذا کے کم سے کم پانچ ذرائع بتائیں جو نشوونما میں مددگار ہوتے ہیں۔
سوال ۴: بیماری کیا ہے؟ کون سے اہم ذرائع بیماریاں پھیلانے کے ذمہ دار ہیں؟
سوال ۵: جنگلی حیات کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟
سوال ۶: سائنس ایک امدادی ذریعہ یا پھر انسانیت کیلئے نقصان دہ ہے، بحث کریں۔
سوال ۷: زرعی ترقی میں گندھک (سلفر) کے عنصر کی اہمیت واضح کریں۔
سوال ۸: انسانی خوراک کیلئے پروٹین کا ذریعہ بیان کریں۔ جسم کے اندران کا اثر انداز ہونا بیان کریں۔
سوال ۸: غذا کے کم سے کم پانچ ذرائع بتائیں جو نشوونما میں مددگار ہوتے ہیں۔
سوال ۹: بیماری کیا ہے؟ کون سے اہم ذرائع بیماریاں پھیلانے کے ذمہ دار ہیں؟
سوال ۱۰: جنگلی حیات کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

حصہ "ج" (تفصیلی جواب کے سوالات)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں تین سوالات کے جواب دیں۔

سوال ۱۱: مندرجہ ذیل میں کسی بھی دو پر مختصر نوٹ لکھیں۔ (ا) کوئلہ (ب) کمپیوٹر (ج) زراعت (د) شکر
سوال ۱۲: معدنیات کسے کہتے ہیں؟ پاکستان میں کون کون سی معدنیات پائی جاتی ہیں۔ اور کہاں کہاں پائی جاتی ہیں؟
سوال ۱۳: پاکستان کے لئے سائنس اور ٹیکنالوجی کی اہمیت کیا ہے؟ وضاحت سے بیان کریں؟
سوال ۱۴: نیوران سے کیا مراد ہے؟ عصبی نیوران میں انکی اہمیت کیا ہے؟
سوال ۱۵: زمین کے کٹاؤ سے کیا مراد ہے؟ اس کے کیا کیا نقصانات ہیں؟